تریپورہ میں بنگلہ دیشی شہریوں سے متعلق واقعہ پر میڈیا کے سوالوں کے جواب میں سرکاری ترجمان کا بیان

اکتوبر 17، 2025

تریپورہ میں بنگلہ دیشی شہریوں سے متعلق واقعے کے بارے میں میڈیا کے سوالوں کے جواب میں سرکاری ترجمان جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

ہم نے نوٹ کیا ہے کہ تریپورہ میں ایک واقعہ پیش آیا، جس میں تین بنگلہ دیشی اسمگلروں کی ہلاکت ہوئی ہے، یہ واقعہ مورخہ 15 اکتوبر، 2025 کو بھارتی علاقے میں تقریباً 3 کلومیٹر اندر پیش آیا۔

بنگلہ دیش کے ایک شرپسند گروپ کے تین لوگوں نے بین الاقوامی سرحد پار عبور کیا اور بھارتی علاقے کے بِدیا بِل گاؤں سے مویشی چرانے کی کوشش کی. انہوں نے لوہے کے راڈ اور سریے سے مقامی لوگوں پر حملہ کیا اور گاؤں کے ایک شخص کا قتل کر دیا، اسی دوران دیگر گاؤں والے پہنچ گئے اور حملہ آوروں سے مزاحمت کی کوشش کی.

اس موقع پر حکام بھی موقع واردات پر پہنچ گئے، جہاں دو اسمگلر مردہ پائے گئے؛ جبکہ تیسرا شخص اگلے دن اسپتال میں اپنے زخموں کی تاب نہ لاکر دنیا سے چل بسا. تینوں کے جسمانی باقیات ان کے لواحقین کو بنگلہ دیشی فریق کے حوالے کر دی گئی ہیں. پولس نے بھی مقدمہ درج کر لیا ہے.

یہ واقعہ اس ضرورت کو اجاگر کرتا ہے کہ بنگلہ دیش بین الاقوامی سرحد کی حرمت برقرار رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کرے اور سرحدی جرائم اور اسمگلنگ کو روکنے کے لیے جہاں ضرورت ہو، باڑ کی تعمیر میں تعاون فراہم کرے.

نئی دہلی
اکتوبر 17، 2025